# کالج کے لیے بچت کریں پروگرام
# والدین اور سرپرستوں کے لیے اوپٹ آوٹ نوٹس اور فارم

**03 نومبر، 2025**

عزیز والدین/سرپرست :

نیو یارک شہر پبلک اسکولز (NYCPS) نے غیر منافع بخش تنظیم NYC Kids RISE, Inc. کے ساتھ NYC Kids RISE Save for College Program ("پروگرام") میں شراکت کی ہے۔ یہ بلامعاوضہ پروگرام اہل طلباء کو مستند کالج اور کیریئر کی تربیت کے اخراجات کے لیے مالی امداد فراہم کرتا ہے۔ NYC Kids RISE ہر طالب علم کے لیے پروگرام میں "NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ" میں 100$ مختص کرتا ہے۔ فنڈنگ کی دستیابی سے مشروط، نیو یارک شہر اور NYCPS اس تعلیمی سال میں پروگرام کو جاری اور اس میں توسیع کر رہے ہیں، اور آپ کے بچے کا اسکول اس میں شامل ہوگا۔ مزید معلومات کے لیے nyckidsrise.org.

**یہ نوٹس اہم معلومات فراہم کرتا ہے** کہ آپ یا تو (1) **کچھ نہ کریں** اور اپنے بچے کے لیے NYC Kids RISE کے ذریعہ NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ کی تخلیق کو قبول کریں **یا** (2) **آپٹ آؤٹ کریں** اور NYC Kids RISE کو آپ کے بچے کے لیے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ **نہ بنانے** دیں۔

آپ کے بچے کے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ کو بنانے کے لیے، NYCPS کو NYC Kids RISE اور ایک کمپنی جسے VistaShare کہتے ہیں، کے ساتھ مندرجہ ذیل معلومات کا اشتراک کرنا ہو گا:

- گھر پر بولی جانے والے زبان (زبانیں)
- دیگر اسکولوں میں کیے جانے والے تبادلے، اگر کوئی ہوں، نیویارک شہر پبلک اسکول نظام کے اندر اور باہر دونوں
- پروگرام کے لیے والدین/سرپرست کا انفرادی شناختی نمبر
- والدین '/ سرپرست کا مکمل نام
- والدین / سرپرست کا ای میل پتہ
- والدین / سرپرست کا سیل اور / یا دیگر فون نمبر
- پروگرام کے لیے طالب علم کا انفرادی شناختی نمبر
- طالب علم کا مکمل نام
- طالب علم کی تاریخ پیدائش
- طالب علم کا گھر کا پتہ اور مستقبل میں کسی بھی قسم کی تبدیلی
- گھر کا فون نمبر
- اسکول کا نام
- موجودہ گریڈ کی سطح

NYC Kids RISE، VistaShare کے ساتھ مل کر شرکاء کی معلومات کو محفوظ کرتا ہے، ایک آن لائن پورٹل کا انتظام کرتا ہے، اور تکنیکی مدد فراہم کرتا ہے۔ NYC Kids RISE اور VistaShare کو یہ معلومات **صرف** پروگرام کو چلانے اور اس کا جائزہ لینے کے لیے استعمال کرنے یا اشتراک کرنے کی اجازت ہے۔ انہیں کسی بھی اشتہار، مارکیٹنگ، یا دیگر تجارتی مقاصد کے لئے اس معلومات کو فروخت کرنے، استعمال کرنے، یا اشتراک کرنے کی اجازت نہیں ہے.انکو ڈائریکٹری معلومات کو اشتہار بازی، مارکٹنگ، یا دیگر کاروباری مقاصد کے لیے بیچنے، استعمال یا اشتراک کرنے کی اجازت **نہیں** ہے۔

**آپ کے پاس کیا انتخابات ہیں؟**

1. **کچھ نہ کریں** (اگلے صفحے پر فارم مکمل اور واپس کرنے کی ضرورت **نہیں** ہے۔) اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کا بچہ اس پروگرام میں شرکت کرے اور NYC Kids RISE کی طرف سے آپ کے بچے کے لئے NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ میں 100$ مختص کیا جائے۔

**یا**

2. **شامل ہونے سے انکار (OPT OUT)** کرنے کے لیے اگلے صفحے پر موجود فارم کو مکمل کریں اور اسے اپنے اسکول کے مرکزی دفتر میں **12/03/2025** تک واپس بھیج دیں اگر آپ شرکت **نہیں کرنا** چاہتے۔ آپ کے بچے کو NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ نہیں ملے گا اور پروگرام کے سلسلے میں آپ کے بچے کی معلومات کا اشتراک نہیں کیا جائے گا۔ اگلے صفحے پر آپٹ آؤٹ فارم مکمل کرنے کے بارے میں اگر آپ کے کوئی سوالات ہیں تو براہ کرم اپنے اسکول کے مرکزی دفتر سے بات کریں۔

**کیا آپ کے اس پروگرام کے بارے میں کوئی سوالات ہیں؟** NYC Kids RISE کی ہاٹ لائن کو **833-543-7473 پر کال کریں یا نیویارک شہر پبلک اسکولز کو SavingTogether@schools.nyc.gov پر ای میل کریں۔**

*OFFICE NOTE: For kindergarten and newly enrolled first, second, third, and fourth graders only.*
*Keep all returned Opt-Out Notices in the student's Cumulative Folder indefinitely.* 

# کالج کے لیے بچت کریں پروگرام
# والدین اور سرپرستوں کے لیے اوپٹ آوٹ نوٹس اور فارم

## کالج کے لیے بچت کریں پروگرام آپٹ آوٹ فارم

اس فارم کو **صرف** اس صورت میں مکمل اور دستخط کریں اگر آپ **نہیں** چاہتے کہ آپ کے بچے کا NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ دیا جائے۔ اسکول سیکریٹری کو **12/03/2025** تک واپس بھیجیں

**اپنے بچے کے بطور والدین/سرپرست، میں نہیں چاہتا** کہ میرے بچے کی معلومات کا اشتراک NYC Kids RISE یا VistaShare کے ساتھ کیا جائے۔ **میں آگاہ ہوں** کہ اس معلومات کو روکنے کی صورت میں، میرے بچے کو NYC اسکالرشپ اکاؤنٹ **نہیں ملے گا** اور میرے بچے کے لیے کوئی رقم مختص نہیں کی جائے گی۔

| | |
|---|---|
| طالب علم کا پہلا نام: | طالب علم کا آخری نام: |
| اسکول کا نام: | طالبِ علم کی باضابطہ کلاس / کلاس نام:<br><br>باضابطہ گریڈ سطح: |
| جلی حروف میں والدین / سرپرست کا نام: | دستخط: |
| تاریخ: | |

*OFFICE NOTE: For kindergarten and newly enrolled first, second, and third graders only.*
*Keep all returned Opt-Out Notices in the student's Cumulative Folder indefinitely.* 